نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے چینی زرعی مشینری بنانے والے وفد کی ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ملاقات</u>

<u>وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق صوبہ میں فارم میکانائزیشن کے فروغ کے لیے متعدد عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔سید عاشق حسین کرمانی</u>

لاہور **19** دسمبر **2025:** چین کی جدید زرعی مشینری بنانے والی کمپنیوں کے وفد نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور کا دورہ کیا اور وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو سے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبہ پنجاب میں جدید زرعی مشینری کے پلانٹس لگانے اور زرعی میکانائزیشن کے فروغ کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس ملاقات کے دوران ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں اور چیف ٹیکنیکل ایڈوائزر ایگریکلچر ڈلیوری یونٹ حافظ عبدالرحمٰن بھی موجود تھے

اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق صوبہ میں فارم میکانائزیشن کے فروغ کے لیے متعدد عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ چینی زرعی مشینری بنانے والی کمپنیوں کے لیے خصوصی سہولتیں فراہم کی جائیں گی تاکہ پنجاب میں جدید زرعی ٹیکنالوجی کا فروغ ممکن ہو۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پنجاب کا زرعی شعبہ ملکی معیشت میں 70 فیصد حصہ رکھتا ہے۔ گزشتہ دو سالوں میں پنجاب کی زرعی میکانائزیشن پر 35 ارب روپے کی سرمایہ کاری کی گئی ہے اور کاشتکاروں کو جدید زرعی مشینری کی 60 فیصد سبسڈی پر فراہمی جاری ہے۔سید عاشق حسین کرمانی نے وفد کو مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب صوبے میں زراعت کو ٹرانسفارم کرنے کے لیے فیاضانہ وسائل فراہم کر رہی ہیں اور متعدد چینی کمپنیاں جدید زرعی مشینری کے پلانٹس لگانے کے لیے حکومت پنجاب سے قریبی روابط میں ہیں۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ چین جدید زرعی ٹیکنالوجی میں عالمی سطح پر لیڈر رہا ہے اور زراعت سے متعلقہ انڈسٹری کا پنجاب میں بڑا اسکوپ موجود ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ چینی کمپنیوں کے ساتھ زراعت کے شعبے کی ترقی کے لیے مفاہمتی یادداشتیں حتمی مراحل میں ہیں۔

ملاقات کے دوران چینی وفد نے کہا کہ پنجاب میں جدید زرعی مشینری کی تیاری کے پلانٹس لگائے جائیں گے اور ان کی کمپنی کی تیار کردہ مشینری پہلے ہی 25 ممالک میں برآمد کی جاتی ہے۔چینی وفد نے یقین دلایا کہ مقامی سطح پر تیار کی جانے والی زرعی مشینری کاشتکاروں کی قوت خرید اور مقامی ضروریات کے مطابق ہوگی۔

☆☆☆☆